مولف:

مولانا غیاث احمد رشادی صاحب

صدر صفا بیت المال انڈیا، بانی منبر ومحراب فاؤنڈیشن انڈیا

حروفِ جارہ، حروفِ مشبہ بفعل، حروفِ ناصبہ، حروفِ جازمہ، حروفِ استفہام، حروفِ شرط، حروفِ عطف، حروفِ ایجاب، حروفِ استدراک اور حروفِ تشبیہ کے علاوہ افعالِ ناقصہ، افعالِ مقاربہ، افعال مدح وذم، اسماء اشارہ، ضمائر اور اسماءِ موصولہ اور ان سے متعلقہ مختلف صیغوں، نیز نحو کے چند بنیادی قواعد کی قرآنی مثالیں ایک ہزار سے زائد سوالات وجوابات کی شکل میں

پسند فرمودہ:

محترم ڈاکٹر امجد حسین صاحب

رشادی پبلشرز: مسجد الفلاح، واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد۔500036

ویب سائٹ: www.payaamerashadi.org

نامِ کتاب	**نحو کی قرآنی مثالیں**
مؤلف	**مولانا غیاث احمد رشادی**
صفحات	......۱۰۸......
پہلا ایڈیشن	فروری ۲۰۲۰ء جمادی الثانی ۱۴۴۱ھ
تعداد اشاعت	ایک ہزار
ٹائٹل و کمپیوٹر کمپوزنگ	**محمد عبدالسلام** کمپیوٹر آپریٹر صفا بیت المال
قیمت	-/Rs.50 روپئے
پتہ	**رشادی پبلشرز**
	مسجد الفلاح، واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد۔500036
ویب سائٹ	www.payaamerashadi.org

مولانا غیاث احمد رشادی کی تمام تصنیفات کو اس ویب سائٹ پر دیکھئے:

www.payaamerashadi.org

ملنے کا پتہ

رشادی پبلشرز: مسجد الفلاح، واحد نگر، قدیم ملک پیٹ، حیدرآباد۔500036

ویب سائٹ: www.payaamerashadi.org

سیل نمبر: 9989666811

کلماتِ تبرک ودعائے مستجاب

استاذ الاساتذہ، حضرت مولانا صغیر احمد خان رشادی صاحب دامت برکاتہم

امیر شریعت کرناٹک، مہتمم و شیخ الحدیث دارالعلوم سبیل الرشاد، بنگلور

Sageer Ahmed Rashadi
Professor
D.U.S.R., Arabic College, Bangalore - 45
صغیر احمد الرشادی
الاستاذ بدار العلوم سبیل الرشاد الکلیۃ العربیۃ بنجلور

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

الحمد لله وكفى وسلام على عباده الذين اصطفى

ہر زبان میں گرامر کی بڑی اہمیت ہے، اس کے بغیر زبان صحیح نہیں رہتی، زبانِ عربی میں بہت نزاکتیں پائی جاتی ہیں۔ گرامر کی غلطی سے معنی ہی بدل جاتا ہے، اس لئے تمام عربی مدارس میں مبتدی طالب علم کو صرف ونحو کی کتابیں دو تین سال تک پڑھا کر کئی مثالوں سے مشق کرائی جاتی ہے۔ مولانا نے نرالے انداز میں صرف ونحو کی کتابوں میں مذکورہ متداول مثالوں کے بجائے قرآنی آیات کی تمثیلات کے ذریعے قواعد کو سمجھایا ہے۔ جس سے طالب علم کو گرامر فہمی کے ساتھ ساتھ قرآن فہمی بھی آسانی سے حاصل ہو جاتی ہے۔ یہ خوبی مولانا کے ساتھ خاص ہے۔

محترم المقام مولانا غیاث احمد صاحب رشادی، جن کو اللہ تعالیٰ نے ہر فن میں ایک خاص مہارت عطا فرمائی ہے، ان کی تصنیفات جو مختلف موضوعات پر مشتمل ہیں، اور ہر موضوع پر آپ نے پوری تحقیق وتدقیق سیر حاصل روشنی ڈالی ہے۔ جس سے ہر قاری کتاب کو بہت سی معلومات اور باطنی سکون وطمانیت حاصل ہوتی ہے، مولانا کو قرآن پاک سے بڑا شغف ہے، جس کی زندہ مثال ان کی عجیب وغریب تصنیف مضامین قرآن پر مشتمل ایک ضخیم کتاب مسمیٰ بہ ''روح قرآن'' ہے۔ جس کا اجراء امیر شریعت اول زبدۃ العلماء حضرت شاہ ابوالسعود احمد صاحب رحمۃ اللہ بانی ومہتمم دارالعلوم سبیل الرشاد بنگلور نے فرمایا تھا۔ اللہ تعالیٰ ان کو مزید ترقیات سے نوازے۔

مولانا مہتمم دارالعلوم سبیل الرشاد بنگلور سے فراغت کے بعد ہی سے درس وتدریس، امامت وخطابت کے ساتھ ساتھ علمی وادبی سماجی وفلاحی خدمات کے لئے مکمل فارغ ہو چکے، اللہ نے اس کے لئے شرح صدر فرمایا ہے کہ مختلف انداز سے سوچ سوچ کر یہ خدمات انجام دے رہے ہیں، انہوں نے رفاہی وفلاحی خدمات کے لئے ''صفا بیت المال انڈیا'' کے نام سے ایک تنظیم کی بنا ڈالی، جو ان دنوں تنے دار اور پھلدار درخت ہو کر پورے ملک کو خوب فائدہ پہنچا رہی ہے اور شاہراہِ ترقی پر ہے۔ امید ہے کہ اللہ تعالیٰ ان سے مستقبل میں خوب کام لے گا اور ان کی تمام کتابوں عموماً اور صرف ونحو کی اس تازہ تصنیف سے خصوصاً علماء وطلبہ کو خوب نفع پہنچائے گا۔ دینی مدارس کے اساتذہ وطلبہ سے گزارش ہے کہ اس سے خوب استفادہ فرمائیں۔ اللہ اس کو مقبولیت تامہ اور نافعیت کاملہ عطا کرے۔

صغیر احمد
صغیر احمد رشادی

امیر شریعت کرناٹک
مہتمم دارالعلوم سبیل الرشاد بنگلور
۳۰ جمادی الاخریٰ ۱۴۳۴ھ

حوصلہ بخش کلمات

حضرت مولانا محمد مصدق القاسمی صاحب دامت برکاتہم
ناظم دعوۃ اسلامک سنٹر، سکریٹری صفا بیت المال انڈیا

اللہ رب العزت کی یہ سنت رہی ہے کہ وہ جس سے ہمہ جہت خدمات لینا چاہتے ہیں اس کے اندر متنوع خوبیاں پیدا فرمادیتے ہیں۔ ایسا ہی کچھ معاملہ حق تعالیٰ نے ہمدردِ قوم وملت برادر مکرم حضرت مولانا غیاث احمد رشادی صاحب دامت برکاتہم صدر صفا بیت المال انڈیا کے ساتھ فرمایا۔ گوناگوں سماجی، رفاہی، دینی وعلمی مصروفیات کے باوجود تصنیف وتالیف کے اہم ترین اور یکسوئی طلب شغل سے وابستہ رہنا جہاں ان کے وقت میں برکت کی دلیل ہے وہیں عطاء ربانی اور انعامِ خداوندی ہے۔ حضرت مولانا کا شروع ہی سے قرآنِ پاک سے خاص تعلق رہا ہے۔ قرآنِ مجید سے متعلق مختلف اہم کتابیں مولانا کے خامۂ عنبر شمامہ سے وجود میں آکر مقبول عام وخاص ہوئی ہیں۔ **فللّٰہ الحمد ولہ الشکر** ۔ یہ قرآنِ مجید سے غیر معمولی شغف کی بات ہے کہ انہوں نے قرآنِ مجید سے صَرفی مثالوں کو جمع کیا اور اس حوالہ سے ایک منفرد اور ضروری کام کی تکمیل کی۔ نیز نحو سے متعلق بھی سینکڑوں مثالیں جمع کیں، اس طرح ''صَرف کی قرآنی مثالیں'' اور ''نحو کی قرآنی مثالیں'' نامی دو کتابیں تحریر کی ہیں۔ عام طور پر طلباء کا ذہن اس طرف نہیں جاتا اور قرآنِ مجید سے مثالوں کے استخراج کی طرف توجہ نہیں ہوتی۔ اس لحاظ سے یہ کتاب طلباء کرام کیلئے عظیم تحفہ اور قیمتی سوغات ہے۔

حق تعالیٰ اس کاوش کو بے حد قبول فرمائے اور اس کے افادہ کو عام وتام فرمائے۔ آمین

احقر

محمد مصدق القاسمی

۱۴؍ جمادی الثانیۃ ۱۴۴۱ھ

ہمت افزاء کلمات

حضرت مولانا مفتی محمد طاہر حسین صاحب قاسمی دامت برکاتہم
استاذ حدیث وصدر مفتی دارالعلوم رحمانیہ حیدرآباد

حامدا ومصلیا، دینی مدارس میں درس نظامی کا نصاب حقیقت میں قرآن وسنت کے گراں قدر علوم کو صحیح معنی میں کامیابی کے ساتھ سمجھنے اور استعداد میں پختگی پیدا کرنے کا ایک موثر اور قیمتی ذریعہ ہے اسکی افادیت ایک مسلمہ حقیقت ہے اس عظیم سلسلہ نصاب میں دیگر علوم وفنون کی اہمیت کے ساتھ فن نحو وصرف کو بھی بنیاد اور اصل کا غیر معمولی درجہ حاصل ہے، علمی کمال ومہارت اور اپنے اندر اعتماد کامل اور عزم وحوصلہ کی قابل قدر خصوصیت پیدا کرنے کے لئے نحو وصرف کے اصول وقواعد اور صیغوں کی صحیح شناخت ہر طالب علم کے لئے لزوم کی حیثیت رکھتی ہے، آگے اسی کمال مہارت کی بدولت راہِ علم پر چلنا آسان تر ہوتا چلا جاتا ہے۔فن نحو وصرف سے دوری تعلیمی سفر کو پھیکا اور بے ذائقہ بنادیتی ہے اور اس ک وجہ سے طالب علم بے مائیگی کا شکار ہوکر رہ جاتا ہے۔طلباء کو یہ بات اچھی طرح یاد رکھنی چاہیے کہ اعدادیہ تا سوم نحو وصرف کی جو کتابیں داخلِ نصاب ہیں وہ استعداد سازی کے لئے نہایت اہم اور ضروری ہیں، اس کے پڑھنے میں جان چرانا اور وقت ضائع کرنا خود اپنے ساتھ دھوکہ دہی ہے۔نحو وصرف کی اسی اہمیت کی وجہ سے علماء نے اپنے اپنے ذوق کے مطابق ان دونوں فنون پر کافی خدمات انجام دی ہیں۔

زیر نظر رسالہ بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے جو ملک کے معروف ومشہور عالم دین درجنوں کتابوں کے کامیاب مصنف اور قوم وملت کے مخلص اور ہمدرد خادم حضرت مولانا غیاث احمد رشادی دامت برکاتہم کی گراں قدر تالیف ہے۔صرف کی قرآنی مثالیں نامی رسالہ فعل کی چار قسمیں صحیح مہموز معتل مضاعف (خواہ مرکبات ہو یا غیر مرکبات) کی سینکڑوں قرآنی مثالوں پر مشتمل ہے۔امید ہے کہ شائقین کے لئے یہ رسالہ مفید ثابت ہوگا اور قرآن مجید سے صیغہ اخذ کرنے کا باعث بنے گا۔نیز نحو کی قرآنی مثالیں نامی رسالہ بھی قابل قدر ہے۔اس رسالہ میں نحو کے کلمات عاملہ کے معنی کے ساتھ قرآنی مثالوں اور استعمال کی تعداد بتانے پر کافی زور دیا گیا ہے۔ہماری دانست میں اس طرز کی یہ پہلی کتاب ہے۔، اس میں مثالوں کی کثرت وغیرہ کی وجہ سے اگر چہ طوالت ہوتی ہے، تاہم فائدے سے خالی نہیں ہے، ہماری دعاء ہے کہ اللہ رب العزت مؤلف موصوف کی اس کوشش کو بے حد قبول فرمائے، اس کا فیض عام اور تام فرمائے اور دارین میں کامیابی کا ذریعہ بنائے۔آمین۔

مفتی محمد طاہر حسین قاسمی
مدرسہ دارالعلوم رحمانیہ، حیدرآباد
۲۰/۶/۱۴۴۱ھ

کلماتِ تحسین

حضرت مولانا محمد مجیب الدین صاحب حسامی مدظلہ
استاد تفسیر وحدیث ونائب شیخ الادب جامعہ اسلامیہ دارالعلوم حیدرآباد

درس نظامی میں صرف ونحو کی تعلیم ریڑھ کی ہڈی کا درجہ رکھتی ہے،اس فن میں استعداد کی پختگی طالب علم کی علمی ترقیات کی ضامن ہوتی ہے،اس کی برکت سے طالب علم کیلئے قرآن وحدیث اور فقہ کا سمجھنا آسان ہوجاتا ہے،عام طور پر اس فن کی اردو زبان کی درسی کتابوں میں قواعد کی تفہیم کے لیے روایتی مثالوں کا سہارا لیا گیا ہے،مبتدی طلبہ ماشاء اللہ قواعد کے ساتھ ساتھ ان مثالوں کو بھی یاد کرتے ہیں،قرآنی مثالیں شروع ہی سے سامنے ہوں تو اس سے ذہن مزید کھلے گا،عصری تعلیم یافتہ طبقہ جو قرآن فہمی کا پاکیزہ ذوق رکھتا ہے،اس کے لئے بھی قرآنی مثالیں ذوق کے ہم آہنگ ثابت ہوں گی؛حضرت مولانا غیاث احمد رشادی صاحب جو رفاہی اور تعلیمی میدانوں میں قدیم اصولوں کے مطابق جدت طرازیوں کی منفرد تاریخ رکھتے ہیں،مختلف موضوعات پر چھوٹی بڑی سو سے زائد کتابوں کی تصنیف کا قابل رشک ریکارڈ رکھتے ہیں اور روح قرآن کے نام سے 1360 صفحات پر مشتمل انسائیکلو پیڈیا بھی اپنی تالیفات میں رکھتے ہیں،انہوں نے "صرف کی قرآنی مثالیں" اور "نحو کی قرآنی مثالیں" کے نام سے دو تازہ ترین کتابچے تیار کیئے ہیں،ان کتابچوں میں مجموعی طور پر تقریباً ڈھائی ہزار مثالیں سوال وجواب کی شکل میں موجود ہیں؛ کم از کم اردو زبان میں اس کثرت کے ساتھ قرآنی مثالوں پر مشتمل کوئی کتاب بندے کی نظر سے نہیں گزری، بندے نے بغرض استفادہ اس کو دیکھا؛ اکثر مثالیں اپنے قواعد پر بالکل واضح ہیں جبکہ چند ایک مثالیں اعراب تقدیری کے پیرائے میں ہیں؛مولانا نے تمثیل کے لئے جو حد بندی مقرر کی ہے؛ شاید یہ اس کی مجبوری ہے، یہ کتابچے بیک وقت طلباء مدارس اور شائقین قرآن کے لئے لائق استفادہ اور قابل حفظ وضبط ہیں،ان شاء اللہ اس سے صرف ونحو کے فن کی معرفت میں بصیرت پیدا ہوگی اور زندگی میں قرآنی برکتوں کا ظہور بھی ہوگا ،اللہ تبارک وتعالی ان رسالوں کو اپنی بارگاہ میں قبول فرمائیں اور ان کے نفع کو اور عام وتام فرمائیں۔آمین

محمد مجیب الدین حسامی

۱۴/ جمادی الثانیہ ۱۴۴۱ھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عرضِ مولف

قرآنِ مجید کی تعلیمات کا تقاضا یہ ہے کہ اس کتاب کے ہر ہر لفظ کے معنی اور مطلب کو سمجھنے کی فکر اور کوشش کی جائے۔ دینی مدارس کے مبتدی طلباء اور عوام الناس کی سطح کو ملحوظ رکھتے ہوئے احقر نے اس کتاب میں اُن حروف کے معنی جمع کئے ہیں، جو قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں۔ اس تفصیل کے ساتھ کہ وہ حروف کتنی مرتبہ قرآنِ مجید میں استعمال ہوئے ہیں۔ خشکی کو ختم کرنے کیلئے سوالات و جوابات کے ساتھ ساتھ اسباق کی شکل اختیار کی ہے۔ جب ایک طالب علم کو قرآنِ مجید کے ان حروف کے معنی معلوم ہو جائیں گے تو بیس تا پچیس فیصد الفاظ کا مطلب ان کو سمجھ میں آ جائے گا۔

احقر نے اس کتاب ''نحو کی قرآنی مثالیں'' میں قرآنِ مجید میں مستعملہ حروفِ جارہ، حروفِ مشبہ بفعل، حروفِ ناصبہ، حروفِ جازمہ، حروفِ استفہام، حروفِ شرط، حروفِ عطف، حروفِ ایجاب، حروفِ استدراک، مدح وذم اور حروفِ تشبیہ کے علاوہ افعالِ ناقصہ، افعالِ مقاربہ، اسماء اشارہ، ضمائر اور اسماءِ موصولہ اور ان سے متعلقہ مختلف صیغوں کی قرآنی مثالیں جمع کی ہیں تاکہ ان الفاظ کے معنی و مطلب سمجھنے میں آسانی ہو۔ نیز نحو کے چند ضروری اور بنیادی اصول و قواعد کی قرآنی مثالیں بھی اس میں جمع کر دی گئی ہیں۔

عموماً دینی مدارس کے مبتدی طلبہ نحو کے اصولوں کو سمجھنے کیلئے دوسری متعدد مثالیں تلاش کرتے ہیں، مثلاً ضرب زیدٌ عمراً ضُرِبَ زَیۡدٌ بیچارہ ہمیشہ زید ہی ظالم بھی بنتا ہے اور مظلوم بھی۔ احقر نے اس کتاب میں اس بات کی کوشش کی ہے کہ نحو کے قواعد کو قرآنی مثالوں سے سمجھا جائے جس کی ادنیٰ سی یہ کوشش کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ احقر نے ''صَرف کی قرآنی مثالیں'' کے نام سے مستقلاً ایک کتاب تحریر کی ہے جس میں ثلاثی مجرد، ثلاثی مزید فیہ وغیرہ سے متعلقہ تمام ابواب سے فعل ماضی، فعل مضارع، فعل امر، فعل نہی، اسم فاعل اور اسمِ مفعول کے ان تمام صیغوں کی قرآنی مثالیں جمع کی ہیں جو صیغے قرآنِ مجید میں استعمال کئے گئے ہیں۔ قرآنِ مجید کو سمجھنے کے خواہشمند

حضرات اور مبتدی طلبہ کے لئے یہ کتاب بھی یقیناً نفع بخش ثابت ہوگی۔

مجھے اس بات کا شدید احساس بھی ہے کہ اس کتاب کی ترتیب میں جھول، کمی اور خامی ہے ، نیز جن الفاظ قرآنی کی تعداد لکھی گئی ہے اس میں کمی بیشی کا بھی امکان ہے، الفاظ کی تعداد میں غلطی کا علم آپ کو جب بھی ہو جائے ہمیں مطلع فرمائیں۔ چونکہ مقصد اس کتاب کا الفاظِ قرآنی کے معنی او رمطلب کو جاننا اور اس سے متعلقہ قرآنی مثال تک پہنچنا ہے۔ اس لئے اس کی ترتیب میں عنوان نہیں دیا گیا ہے، صرف سبق نمبر پر اکتفاء کیا گیا ہے۔ میری گزارش یہ ہے کہ استفادہ کرنے والے احباب اور طلبہ اس کی ترتیب پر گہری نظر رکھنے کی کوشش کے بجائے الفاظِ قرآنی کے معنی و مطلب اور اس کی مثالوں پر خصوصی توجہ دیں۔ میں فنِ نحو کے اساتذۂ کرام سے ادباً ملتمس ہوں کہ جہاں کہیں اس میں کوئی خامی، کمی یا غلطی محسوس کریں احقر کو ضرور مطلع فرمائیں تا کہ اگلے ایڈیشن میں اس کمی، خامی یا غلطی کی اصلاح کی جا سکے۔ اس سلسلہ میں اگر کوئی مفید مشورہ بھی ہو تو ضرور دیں۔

صرف کی قرآنی مثالیں اور نحو کی قرآنی مثالیں، ان دونوں کتابوں پر استاذ الاساتذہ امیر شریعت، حضرت مولانا صغیر احمد خان صاحب رشادی شیخ الحدیث و مہتمم دار العلوم سبیل الرشاد بنگلور نے احقر کی ادنیٰ سی گزارش پر تقریظی کلمات تحریر فرمائے جس پر حضرت والا کا ممنون و مشکور ہوں۔ نیز حضرت مولانا محمد مصدق القاسمی صاحب ،حضرت مولانا محمد طاہر حسین قاسمی صاحب، حضرت مولانا مجیب الدین حسامی صاحب نے بھی حقیر کی گزارش پر تقریظی کلمات تحریر فرمائے۔ میں ان تمام علماء کرام کا بھی ممنون و مشکور ہوں۔

اللہ تعالیٰ میری اس کوشش کو قبولیت و نافعیت عطا فرمائے۔ آمین

طالبِ دعاء و منتظرِ اصلاح

غیاث احمد رشادی

۱۷؍فروری ۲۰۲۰ء م ۲۲؍جمادی الثانیۃ ۱۴۴۱ھ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَبِّ یَسِّرۡ وَلَا تُعَسِّرۡ وَتَمِّمۡ بِالۡخَیۡرِ وَبِکَ نَسۡتَعِیۡنَ ط

رَبِّ اَشۡرَحۡ لِی صَدۡرِی وَیَسِّرۡلِی اَمۡرِی

سبق نمبر۔1

س:۱ بِ کیا معنی ہیں؟ ج: پر۔سے وغیرہ

س:۲ بِ حرفِ جر کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔اٰمنا باللّٰہ و بالیوم الآخر

۲۔الذین یؤمنون بالغیب ویقیمون الصلوٰۃ

۳۔ وبالآخرۃ ھم یؤقنون

س:۳ تَ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کی قسم

س:۴ تَ حرفِ جر(تائے قسم) کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ تَاللّٰہِ لا کیدن اصنامکم۲۔ تَاللّٰہِ لقد علمتم ما جئنا

۳۔ تَاللّٰہِ تفتئوا تذکر یوسف

س:۵ لِ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیلئے۔سے

س:۶ لِ حرفِ جر کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔واذقال ربك لِلۡمَلٰئِکَۃِ انی جاعلٌ فی الارض خلیفه

۲۔ لِلّٰہِ مَافِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡض

۳۔ لِلرجالِ نصیب مما اکتسبوا

س:۷ وَ حرفِ جر۔(واوقسم) کی تین مثالیں دیجئے

ج: ۱۔اِلَّا ان قالوا واللّٰہِ ربنا ماکنا مشرکین

۲۔ وَالعٰدیٰتِ ضبحا ۳۔ن وَ القلمِ وما یسطرون

س:۸ مِنْ کے کیا معنیٰ ہیں؟ ج: سے

س:۹ مِنْ حرفِ جر کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔اَو کصیب مِنَ السماء ۲۔ وَمِنَ الناس من یقول

۳۔ وَمِنْ شرِّ غاسق اذا وقب

س:۱۰ مِنْ حرفِ جر قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: **مِنْ** نون کے جزم کے ساتھ 431 مرتبہ اور واو کے ساتھ **وَمِنْ** 59 مرتبہ اور **مِنَ** نون کے زبر کے ساتھ 160 مرتبہ آیا ہے۔ واو کے ساتھ **وَمِنَ** 33 مرتبہ آیا ہے۔ اس طرح **مِنْ** پورے قرآنِ مجید میں مجموعی طور پر 603 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۱ فِیْ حرفِ جر کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ فِیْ قلوبھم مرض ۲۔ لاتفسدوا فِیْ الارض

۳۔ فِیْ ظلمت لا یبصرون

س:۱۲ فِیْ کے کیا معنیٰ ہیں؟ ج: میں

س:۱۳ فِیْ حرفِ جر قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: فِیْ 1185 مرتبہ اور واو کے ساتھ وَفِیْ 30 مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 1215 مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔2

س:۱۴ عَنْ کے کیا معنیٰ ہیں ج: سے

س:۱۵ عَنْ حرفِ جر کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ لا تجزی نفس عَنْ نفس شیئا

۲۔ ومَن یرغب عَنْ ملة ابراھیم

۳۔ ولا تسئل عَنْ اصحب الجحیم

س:۱۶ عَنْ حرفِ جر قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: عَنْ نون کے جزم کے ساتھ 153 مرتبہ اور عَنْ نون کے زیر کے ساتھ 70 مرتبہ آیا ہے اور واو کے ساتھ وَعَنْ 2 مرتبہ اور وَعَنِ نون کے زیر کے ساتھ 3 مرتبہ آیا ہے۔ اس طرح کُل لفظِ عَنْ 228 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۷ عَلٰی کے کیا معنی ہیں؟ ج: پر

س:۱۸ عَلٰی حرفِ جر کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ثم عرضهم عَلَي الملئكة ۲۔ مما نزلنا عَلٰي عبدنا

۳۔ ختم الله عَلٰي قلوبهم وعَلٰي سمعهم

س:۱۹ حرفِ عَلٰی قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: عَلٰی 670 مرتبہ آیا ہے اور واو کے ساتھ وَعَلٰی 34 مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 704 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۰ حَتّٰی کے کیا معنی ہیں؟ ج: یہاں تک کہ

س:۲۱ حَتّٰی حرفِ جر کی تین قرآنی مثالیں دیجئے؟

ج: ۱۔ حَتّٰي مَطْلَعِ الْفَجْر ۲۔ حَتّٰي اذا لقيا غلما فقتله

۳۔ حَتّٰي اذا اَتَوْا على وا دالنمل

س:۲۲ حَتّٰی قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 129 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۳ اِلٰی کے کیا معنی ہیں؟ ج: طرف۔ تک

س:۲۴ اِلٰی حرفِ جر کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ واذا خلوا اِلٰي شَيٰطِيْنِهِم ۲۔ ثم استوىٰ اِلٰي السماء

۳۔ وتدلوا بها اِلٰي الحكامِ

س:۲۵ اِلٰی حرفِ جر قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: 406 مرتبہ آیا ہے اور واو کے ساتھ وَاِلٰی 10 مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 416 مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔3

س:۲۶ اِنَّ کے کیا معنی ہیں ج: بے شک۔ یقیناً

س:۲۷ اِنَّ حرفِ مشبہ فعل کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اِنَّ الشیطٰن لکم عدوٌّ فاتخذوہ عدواً

۲۔ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کل شَیْئٍ قدیرٌ ۳۔ اِنَّ اللّٰہَ وَاسِعٌ عَلِیُمٌ

س:۲۸ اِنَّ اپنے اسم کو نصب دیتا ہے، اس کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اِنَّ اللّٰہَ بالناس لرؤف رحیم ۲۔ اِنَّ رَبَّكَ یعلم اَنَّكَ تقوم

۳۔ اِنَّ الصلوٰۃَ تنھیٰ عن الفحشاء والمنکر

س:۲۹ اِنَّ اپنی خبر کو رفع دیتا ہے، اس کی قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اِنَّ اللّٰہَ غَفُوْرٌ رَّحِیُمٌ ۲۔ اِنَّ اللّٰہَ بِمَا یعلمون بصیرٌ

۳۔ اِنَّ اللّٰہَ واسعٌ علیمٌ

س:۳۰ اِنَّ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: اِنَّ 609 مرتبہ اور واو کے ساتھ وَاِنَّ 77 مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 686 مرتبہ آیا ہے۔

س:۳۱ اَنَّ کے کیا معنی ہیں؟ ج: بے شک۔ یقیناً

س:۳۲ اَنَّ حرفِ مشبہ بفعل کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَنَّ لھم جنت تجری من تحتھا الانھٰر

۲۔ اَوَلَا یعلمون اَنَّ اللّٰہَ مایسرون وما یعلنون

۳۔ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ بینھا و بینہ امدًا بعیداً

س:۳۳ اَنَّ اپنے اسم کو نصب دیتا ہے، اس کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَنَّ اللّٰہَ یبشرك بیحییٰ ۲۔ اَنَّ القوۃَ لِلّٰہِ جَمِیُعًا

۳۔ واعلم اَنَّ اللّٰہَ عزیزٌ حکیمٌ

س:۳۴ اَنَّ اپنی خبر کو رفع دیتا ہے، اس کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: ١۔ وَشھدوا اَنَّ الرسولَ **حقٌّ** ٢۔ وَاَنَّ اللّٰہَ **شَدِیْدُ** العقاب

٣۔ وَاَنَّ اللّٰہَ بکل شیئ **عَلِیْمٌ**

س:٣۵ **اَنَّ** قرآنِ مجید میں کتنی بار آیا ہے؟

ج: **اَنَّ** 99 مرتبہ اور **وَاَنَّ** 33 مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 132 مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔4

س:٣٦ **کَاَنَّ** کے کیا معنی ہیں؟ ج: گویا کہ

س:٣٧ **کَاَنَّ** حرفِ مشبہ بفعل کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: ١۔ **کَاَنَّ فی اذنیه و قراً**

س:٣٨ **کَاَنَّ** حرفِ مشبہ بفعل قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: **کَاَنَّ** صرف ایک مرتبہ ہے البتہ **کانه کانها** وغیرہ کئی مرتبہ آیا ہے جس کی تفصیل آگے ہے۔

س:٣٩ **لکن** کے کیا معنی ہیں؟ ج: لیکن

س:٤٠ **لکن** حرفِ مشبہ بفعل کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ١۔ **وَ لکن الشیطین کفروا** ٢۔ و **لکن** البر من اٰمن باللہ و الیوم الآخر

٣۔ و **لکن** البر من اتقیٰ

س:٤١ **لکِن** اپنے اسم کو نصب دیتا ہے، اس کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ١۔ **وَلکنَّ اللّٰہَ ذو فضل علی العٰلمین** ٢۔ **وَلکنَّ اللّٰہَ یفعل مایرید**

٣۔ **وَلکنَّ عذابَ اللّٰہِ شدید**

س:٤٢ **لکِنَّ** اپنی خبر کو رفع دیتا ہے، اس کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: ١۔ **وَلکن عذاب اللّٰہِ شدیدٌ**

س:٤٣ **لکِنَّ** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 43 مرتبہ آیا ہے۔

س:٤٤ **لَیْتَ** کے کیا معنی ہیں: ج: کاش

س:۴۵ لَیۡتَ یا یٰلَیۡتَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ا۔یویلتیٰ لیتَنِیۡ لم اتخذ فلانا خلیلاً

۲۔ یٰلَیۡتَ لنا مثل ما اوتی قارون

۳۔ یٰلَیۡتَ بینی و بینك بعدالمشرقین

س:۴۶ یٰلَیۡتَ کے کیا معنی ہیں؟ ج:اے کاش

س:۴۷ یٰلَیۡتَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: تین مرتبہ آیا ہے۔

س:۴۸ لیتنِی کے کیا معنی ہیں؟ ج: کاش کہ میں

س:۴۹ لیتنِی قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:ایک مرتبہ آیا ہے۔

س:۵۰ یٰلَیۡتَنِیۡ کے کیا معنی ہیں؟ ج:اے کاش کہ میں

س:۵۱ یٰلَیۡتَنِیۡ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:تقریباً چھ مرتبہ۔

س:۵۲ یٰلَیۡتَنَا کے کیا معنی ہیں؟ ج:اے کاش کہ ہم

س:۵۳ یٰلَیۡتَنَا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:دو مرتبہ۔

س:۵۴ یٰلَیۡتَهَا کے کیا معنی ہیں؟ ج:اے کاش کہ وہ

س:۵۵ یٰلَیۡتَهَا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:ایک مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔5

س:۵۶ لَعَلَّ کے کیا معنی ہیں؟ ج:ممکن ہے۔شاید کہ

س:۵۷ لَعَلَّ حرفِ مشبہ بفعل کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ لَعَلَّ الساعَةَ تَكُوۡنُ قریباً ۲۔ لَعَلَّ الساعَةَ قریبٌ

۳۔ لَعَلَّ اللّٰهَ يُحۡدِث بَعۡدَ ذَالِكَ اَمراً

س:۵۸ لَعَلَّ اپنے اسم کو نصب دیتا ہے،اس کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: ۱۔ لَعَلَّ الساعَةَ قریبٌ

س:۵۹ لَعَلَّ اپنی خبر کو رفع دیتا ہے،اس کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: ۱۔ لَعَلَّ الساعَۃَ قریبٌ

س:۶۰ **لَعَلَّ** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: تین مرتبہ آیا ہے۔

س:۶۱ **لَعَلَّکُم** کے کیا معنی ہیں؟ ج: شاید کہ تم سب

س:۶۲ **لَعَلَّکُم** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 51 مرتبہ آیا ہے۔

س:۶۳ **لَعَلَّک** کے کیا معنی ہیں؟ ج: شاید کہ تم

س:۶۴ **لَعَلَّک** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: دو مرتبہ آیا ہے۔

س:۶۵ **لَعَلَّنَا** کے کیا معنی ہیں؟ ج: شاید کہ ہم

س:۶۶ **لَعَلَّنَا** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: ایک مرتبہ آیا ہے۔

س:۶۷ **لَعَلَّھُم** کے کیا معنی ہیں؟ ج: شاید کہ وہ سب

س:۶۸ **لَعَلَّھُم** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: تقریباً 34 مرتبہ آیا ہے۔

س:۶۹ **لَعَلَّہٗ** کے کیا معنی ہیں؟ ج: شاید کہ وہ

س:۷۰ **لَعَلَّہٗ** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: دو مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔6

س:۷۱ اَنْ کیا معنی دیتا ہے؟

ج:۷۲ اَنْ فعل مضارع سے پہلے آ کر مصدر کا معنی دیتا ہے۔

س:۷۳ اَنْ حرفِ ناصبہ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: **۱۔ ان اللّٰہ لا یَستَحیِیُ اَنْ یَضرِبَ مثلاً مابعوضۃ ۲۔ ما امراللّٰہ بِہٖ اَنْ یُوصَلَ**

۳۔ قال اعوذ باللّٰہ اَنْ اَکُونَ من الجھلین

س:۷۴ اَنْ قرآنِ مجید میں کتنی بار آیا ہے؟

ج: اَنْ نون کے جزم کے ساتھ 518 مرتبہ اور نون کے زیر کے ساتھ 20 مرتبہ آیا ہے۔
مجموعی طور پر 538 مرتبہ آیا ہے۔

س:۷۵ اَنْ فعل مضارع کے آخر کو نصب دیتا ہے، اس کی ایک مثال قرآنِ مجید سے دیجئے

ج: وما هو بمز حزحه من العذاب اَنۡ یُّعَمَّرَ

س:۷۶ لَنۡ کے کیا معنی ہیں؟ ج: ہرگز نہیں

س:۷۷ لَنۡ حرفِ ناصبہ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ لَنۡ نُوۡمِنَ لَكَ حتی نری اللّٰہ جھرۃ

۲۔ لَنۡ نصبر علی طعام واحد ۳۔ فَلَنۡ یُّخۡلِفَ اللّٰہُ وَعۡدَہ

س:۷۸ لَنۡ فعل مضارع کے آخر کو نصب دیتا ہے، اس کی ایک مثال قرآنِ مجید سے دیجئے

ج: لَنۡ یَّدۡخُلَ الۡجنَّۃَ اِلا من کان ھوداً او نصٰریٰ

س:۷۹ لَنۡ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: لَنۡ 39 مرتبہ آیا ہے اور وَلَنۡ 20 مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 59 مرتبہ آیا ہے۔

س:۸۰ کَیۡ کے کیا معنی ہیں؟ ج: تا کہ

س:۸۱ کَیۡ حرفِ ناصبہ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ کَیۡ نُسَبِّحَكَ کَثِیۡراً

۲۔ کَیۡ لَایَکُوۡنَ دُوۡلَۃً بَیۡنَ الاغنیاءِ منکم ۳۔ کَیۡ تَقَرَّ عَیۡنُھَا

س:۸۲ کَیۡ فعل مضارع کے آخر کو نصب دیتا ہے، اس کی ایک مثال قرآنِ مجید سے دیجئے

ج: ۱۔ کَیۡ نُسَبِّحَکَ کَثِیۡراً

س:۸۳ اَنۡ مقدرہ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

۱۔ حتی تضعَ الحرب اوزارھا۔ جہاں حَتّٰی کے بعد اَنۡ پوشیدہ ہے۔

سبق نمبر۔ 7

س:۸۴ لَمۡ کیا معنی دیتا ہے؟ ج: نہیں

س:۸۵ لَمۡ حرفِ جازم کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَم لَمۡ تُنۡذِرۡھم لا یوۡمنون ۲۔ مَا لَمۡ یُنَزِّلۡ بِہٖ سلطٰناً

۳۔ اِذۡ لَمۡ اَکُنۡ معھم شھیداً

س:۸۶ لَمْ فعل مضارع کے آخری حرف کو جزم دیتا ہے،اس کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ذالك لِمَنْ لَمْ يَكُنْ اَهْلُهٗ ۲۔ مَا لَمْ ش بهٖ سلطٰناً

۳۔ مَا لَمْ تكنْ تعلم

س:۸۷ لَمْ اور وَلَمْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: لَمْ 91 مرتبہ اور وَلَمْ 36 مرتبہ آیا ہے۔مجموعی طور پر 127 مرتبہ آیا ہے۔

س:۸۸ لَمَّا کے کیا معنیٰ ہیں؟ ج: جبکہ

س:۸۹ لَمَّا حرفِ جازم کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ وَلَمَّا يَعْلَمِ الله الذين جٰهدوْا منكم ۲۔ وَلَمَّا يأتِهِمْ تَأوِيْلُهٗ

۳۔ وَلَمَّا يَدْ خُلِ الايمان فی قلوبكم

س:۹۰ لَمَّا فعلِ مضارع کو جزم دیتا ہے،اس کی ایک قرآنی مثال دیجئے

وَلَمَّا يَدْ خُلِ الايمان فی قلوبكم

اصل میں يَدْ خُلُ ہے،الایمان سے ملنے کی وجہ سے عارضی طور پر لام پر زیر آیا ہے۔

س:۹۱ لَمَّا فعلِ مضارع کو جزم دیتا ہے،اس کی ایک قرآنی مثال دیجئے

س:۹۲ لَمَّا اور وَلَمَّا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آئے ہیں؟

ج: لَمَّا تقریباً26 مرتبہ اور وَلَمَّا تقریباً31 مرتبہ آیا ہے۔

س:۹۳ لام امر کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ وَلیتلطف ولايشعرن بكم احداً

۲۔ فلينظر ايها ازكی طعاما ۳۔ فلياتكم برزق منه

س:۹۴ لام امر فعل مضارع کو جزم دیتا ہے،اس کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: فلينظرْ ايها ازكی طعاما

س:۹۵ لائے نہی کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ولا تقربوا مال اليتيم ۲۔ ولا تقربوا الزنوا

۳۔ لا تتخذوا الذين اتخذوا دينكم هزوا

س:۹۶ لائے نہی فعل مضارع کو جزم دے کر امر کا معنی دیتا ہے، اس کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ولا تخاطبنی فی الذین ظلموا ۲۔ ولا تجهر بصلاتك

۳۔ فلا تعجبک اموالهم ولا اولادهم

س:۹۷ لا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: لا 692 مرتبہ اور واو کے ساتھ وَلا 516 مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 1208 مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔8

س:۹۸ اِنْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: اگر

س:۹۹ اِنْ شرطیہ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اِنْ تَحْمِلْ علیه یلهث

۲۔ ومنهم من اِنْ تَاْمَنْه بدینار لا یُؤَدِّهٖ الیك الا مادمت علیه قائما

۳۔ وَ اِنْ تصبْکم سیئة یفرحوا بها

س:۱۰۰ اِنْ شرطیہ فعل مضارع کو جزم دیتا ہے، اس کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: اِنْ یَّمْسَسْکُمْ قرح فقد مس القوم قرح مثله

س:۱۰۱ اِنْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: اِنْ نون ساکن کے ساتھ 344 مرتبہ اور نون مکسور کے ساتھ 13 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۰۲ وَ اِنْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: وَ اِنْ نون کے جزم کے ساتھ 168 مرتبہ اور ن کے زیر کے ساتھ 3 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۰۳ فَاِنْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: فَاِنْ نون کے جزم کے ساتھ 88 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۰۴ أَفَأَنْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: دو مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۰۵ لَئِنْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: لَئِنْ نون کے جزم کے ساتھ 25 مرتبہ اور نون کے زیر کے ساتھ دو مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۰۶ وَلَئِنْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: نون کے جزم کے ساتھ 28 مرتبہ اور نون کے کسرہ کے ساتھ 3 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۰۷ فَلَمَّا کے کیا معنی ہیں؟ ج: پس جب

س:۱۰۸ فَلَمَّا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 101 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۰۹ فَلَمَّا کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ فَلَمَّا اضاء ت ماحوله ذهب الله بنورهم

۲۔ فَلَمَّا انباهم باسماء هم ۳۔ فَلَمَّا اَحَسَّ عيسى منهم الكفر

س:۱۱۰ أَ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا

س:۱۱۱ أَ حرفِ استفہام کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ أَليس الله باحكم الحاكمين ۲۔ أَفتؤ منون ببعض الكتب

۳۔ قالوا أَتجعل فيها من يفسدفيها

س:۱۱۲ هَلْ کے کیا معنی ہیں: ج: کیا؟

س:۱۱۳ هَلْ حرفِ استفہام کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ قل هَلْ يستوى الذين يعلمون والذين لا يعلمون

۲۔ قل هَلْ ننبئكم بالاخسرينَ اعمالا ۳۔ هَلْ اتاكَ حديث الغاشية

س:۱۱۴ هَلْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: هَلْ 66 مرتبہ اور هَلِ لام کے زیر کے ساتھ ایک مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 67 مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔9

س:۱۱۵ متى کے کیا معنی ہیں: ج: کب؟

س:۱۱۶ متى حرفِ استفہام کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ متى نصرالله الا ان نصرالله قريب

۲۔ ویقولون متی ھذالوعد ان کنتم صدقین ۳۔ ویقولون متی ھو

س:۱۱۷ متی قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:9مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۱۸ عَمَّ کے کیا معنی ہیں؟ ج:کس چیز

س:۱۱۹ عَمَّ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: عَمَّ یتساء لون

س:۱۲۰ عَمَّا کے کیا معنی ہیں؟ ج:(عَمَّ اصل میں عَنْ ما ہے۔) اس سے جو

س:۱۲۱ عَمَّا کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ وما اللہ بغافل عَمَّا تعملون

۲۔ ولا تتبع اھواء ھم عَمَّا جاء ك من الحق ۳۔ عفا اللہ عَمَّا سلف

س:۱۲۲ عَمَّا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا؟ ج:47مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۲۳ اَنّٰی کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَنّٰی لَكِ ھذا ۲۔ قالوا اَنّٰی یکون له الملك

۳۔ قال اَنّٰی یحییٖ ھذہ الموتی

س:۱۲۴ اَنّٰی کن دو معنوں میں آیا ہے؟

ج: اَنّٰی کس طرح اور جس طرح کے معنی میں آیا ہے

س:۱۲۵ اَنّٰی قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: اَنّٰی 15 مرتبہ اور واو کے ساتھ وَاَنّٰی دو مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 17 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۲۶ اَیُّ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کونسی۔کونسا

س:۱۲۷ اَیُّ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ قُلْ اَیُّ شَیْءٍ اکبر شھادۃ ۲۔ ثم بعثنھم لنعلم اَیُّ الحزبین احصیٰ

۳۔ اَیُّ الفریقین خیر مقاما واحسن ندیا

س:۱۲۸ اَیُّ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: تین مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۲۹ اَیَّ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: وسیعلم الذین ظلموا اَیَّ منقلب ینقلبون

س:۱۳۰ اَیَّ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: صرف ایک مرتبہ آیا ہے۔ اَیَّ منقلب ینقلبون

س:۱۳۱ اَیِّ کی دو قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ من اَیِّ شَیْءٍ خلقه ۲۔ فی اَیِّ صورة ماشاء رکبك

س:۱۳۲ اَیِّ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: دو مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔10

س:۱۳۳ اَیُّهَا کے کیا معنی ہیں؟ ج: کونسا

س:۱۳۴ اَیُّهَا کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ فلینظر اَیُّهَا ازکیٰ طعاما ۲۔ یوسف اَیُّهَا الصدیق

۳۔ وامتازوا الیوم اَیُّهَا المجرمون

س:۱۳۵ اَیُّهَا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 8 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۳۶ اَیُّهَا کن دو معنوں میں آیا ہے؟

ج: 'کونسے' اور 'اے!' ان دو معنوں میں آیا ہے۔

س:۱۳۷ اَیَّتُهَا کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: ثم اذن موذن اَیَّتُهَا العیر

س:۱۳۸ اَیُّهُمْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: ان میں سے کون؟

س:۱۳۹ اَیُّهُمْ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ الی ربهم الوسیلة اَیُّهُمْ اقرب ۲۔ لنبلوهم اَیُّهُمْ احسن عملا

۳۔ اَیُّهُمْ اشد علی الرحمن عتیا

س:۱۴۰ اَیُّهُمْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 6 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۴۱ اَیُّکُمْ کے کیا معنی ہیں: ج: تم میں سے کون

س:۱۴۲ اَیُکُمْ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ **فمنهم من يقول اَيُكُمُ زادته** ۲۔ **ليبلوكم اَيُكُمُ احسن عملا**

۳۔ **اَيُكُمُ يَاتينى بعرشها**

س:۱۴۳ اَیُکُمْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: چار مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۴۴ اَیُّنَا کے کیا معنی ہیں؟ ج: ہم میں سے کون؟

س:۱۴۵ اَیُّنَا کی ایک قرآنی مثالیں دیجئے

ج: **ولتعلمن اَيُّنَا اشد عذاباً و ابقىٰ**

س:۱۴۶ فَبِاَیِّ کے کیا معنی ہیں؟ ج: پھر کس

س:۱۴۷ فَبِاَیِّ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ **فَبِاَيِّ حديث بعده يؤمنون** ۲۔ **فَبِاَيِّ آلاءِ ربك تتمارىٰ**

۳۔ **فَبِاَيِّ آلاءِ ربكما تكذبٰن**

س:۱۴۸ فَبِمَ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیسے

س:۱۴۹ فَبِمَ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: **فَبِمَ تبشرون**

س:۱۵۰ فَبِمَا کے کیا معنی ہیں؟ ج: بہ سبب

س:۱۵۱ فَبِمَا کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ **فَبِمَا رحمة من الله** ۲۔ **فَبِمَا نَقْضِهِمُ ميثاقهم**

۳۔ **فَبِمَا يوحى اِلَيَّ رَبِّى**

س:۱۵۲ **فَبِمَا** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 6 مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔11

س:۱۵۳ اَیْنَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ **اَيْنَ ماتكونوا يَأت بكم الله جميعاً**

۲۔ اَیْنَ شرکاء کم الذین کنتم تزعمون

۳۔ وجعلنی مبارکاً اَیْنَ ماکنت

س:۱۵۴ اَیْنَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:14 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۵۵ اَیْنَ قرآنِ مجید میں کتنے معنوں میں آیا ہے؟

ج: دو معنوں میں آیا ہے۔ کہاں؟ جہاں بھی

س:۱۵۶ فَاَیْنَ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: فَاَیْنَ تذھبون

س:۱۵۷ اَیْنَمَا کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَیْنَمَا یُوَجِّه لایاتِ بخیر ۲۔ اَیْنَمَا ثقفوا اخذو او قتلوا تقتیلا

۳۔ اَیْنَمَا تکونوا یدرکم الموت

س:۱۵۸ اَیْنَمَا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: تین مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۵۹ اَیْنَمَا کے کیا معنی ہیں؟ ج: جہاں بھی

س:۱۶۰ کَمْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کتنے

س:۱۶۱ کَمْ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ کَمْ اٰتینٰھم من آیة بینه ۲۔ کَمْ من فئة قلیلة ۳۔ قال کَمْ لبثت

س:۱۶۲ کَمْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: 12 مرتبہ آیا ہے اور واو کے ساتھ وَ کَمْ 9 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۶۳ بِمَ کے کیا معنی ہیں۔ ج: کیا؟

س:۱۶۴ بِمَ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: فَنٰظِرَةٌ بِمَ یَرْجع المرسلون

س:۱۶۵ اَمَّنْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: وہ کون ہے

س:۱۶۶ اَمَّنْ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَمَّنْ یَمْلِكُ السمع والابصار ۲۔ اَمَّنْ لا یھدی الا ان یھدیٰ

٣۔ اَمَّنْ خلق السمٰوٰت والارض

س:١٦٧ اَمَّنْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:11 مرتبہ آیا ہے

س:١٦٨ بِمَنْ کے کیا معنی ہیں؟ ج:اس سے جو

س:١٦٩ بِمَنْ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ١۔ هواعلم بِمَنْ ضل عن سبيله ٢۔ هو اعم بِمَنْ اتقىٰ

٣۔ وربك اعلم بِمَنْ فى السمٰوٰت والارض

س:١٧٠ بِمَنْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:تقریباً10 مرتبہ آیا ہے

س:١٧١ مَنْ کے کیا معنی ہیں؟ ج:کون/جو

س:١٧٢ مَنْ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ١۔ و من الناس مَنْ يقول اٰمنا ٢۔ قالوا اتجعل فيها مَنْ يفسد فيها

٣۔ بلىٰ مَنْ كسب سيئة و احاطت به خطيئته

س:١٧٣ مَنْ قرآنِ مجید میں کتنے معنوں میں آیا ہے؟

ج: دو معنوں میں۔کون۔جو

س:١٧٤ مَنْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: مَـنْ نون کے ساتھ 306 مرتبہ اور مَـنِ نون کے زیر کے ساتھ 20 مرتبہ آیا ہے اور وَمَنْ واو کے ساتھ 23 مرتبہ اور وَمَنِ نون کے زیر کے ساتھ 6 مرتبہ آیا ہے۔مجموعی طور پر 356 مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔12

س:١٧٥ اَفَاِنْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا اگر

س:١٧٦ اَفَاِنْ کی دو قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ١۔ اَفَاِنْ مات او قتل انقلبتم ٢۔ اَفَاِنْ مت فهم الخلدون

س:١٧٧ مَا کے کیا معنی ہیں؟

ج: مائے نافیہ کے معنی 'نہیں'، مائے استفہام کے معنی 'کیا' اور ماءموصولہ کے معنی 'جو' ہیں۔

س:۱۷۸ مَا نافیہ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ وَمَا کفر سلیمٰن ولکن الشیٰطِیُن کفروا

۲۔ وَمَا یعلمٰن من احد حتی یقولا

۳۔ وَمَا ظلمونَا ولکن کانوا انفسھم یظلمون

س:۱۷۹ مَا مجموعی طور پر قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: مَا 735 مرتبہ اور واو کے ساتھ وَمَا 614 مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 349 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۸۰ مَاء استفہامیہ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ وَمَا ادراك ما القارعة ۲۔ وَمَا یدریك لعله یزکی

۳۔ وَمَا ادرٰك ماسقر

س:۱۸۱ مَاءِ موصولہ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ فلما اضاء ت مَا حوله ۲۔ انی اعلم مَا لاتعلمون

۳۔ لا عِلم لنا الا مَا علمتنا

س:۱۸۲ لِمَا کی ایک قرآنی مثال دیجئے اور اس کے معنی بتایئے؟

ج: اف لکم و لِمَا تعبدون من دون الله اور لِمَا کے معنی ''اور جن کی'' ہے۔

س:۱۸۳ مَا کُل کتنے معنی دیتا ہے؟ ج: تین معنی دیتا ہے ''کیا۔نہیں۔جو''

س:۱۸۴ کَیُفَ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیسے؟

س:۱۸۵ کَیُفَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ کَیُفَ تکفرون بالله و کنتم امواتا ۲۔ وانظر الی العظام کَیُفَ ننشزھا

۳۔ رب ارنی کَیُفَ تحیی الموتیٰ

س:۱۸۶ کَیُفَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: 62 مرتبہ آیا ہے اور واو کے ساتھ وَ کَیُفَ 5 مرتبہ آیا ہے۔ مجموعی طور پر 67 مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔13

س:۱۸۷ لِمَ کے کیا معنی ہیں؟ ج:کس لئے؟

س:۱۸۸ لِمَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ یا ھل الکتب لِمَ تحاجّون فی ابراھیم

۲۔ لِمَ تلبسون الحق بالباطل ۳۔ لِمَ تصدون عن سبیل الله

س:۱۸۹ لِمَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:15 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۹۰ فَلِمَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ قل فَلِمَ تقتلون انبیاء الله من قبل ۲۔ فَلِمَ تحاجون فیما لیس لکم به علم

۳۔ فَلِمَ قتلتمو هم ان کنتم صٰدقین

س:۱۹۱ فَلِمَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:چار مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۹۲ لِمَنِ (نون کے زیر کے ساتھ) کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: لِمَنِ الملك الیوم

س:۱۹۳ لِمَنْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: لِمَنْ نون کے جزم کے ساتھ 42 مرتبہ اور لِمَنِ نون کے کسرہ کے ساتھ 4 مرتبہ آیا ہے اور واو کے ساتھ وَلِمَنْ 3 مرتبہ آیا ہے۔مجموعی طور پر 49 مرتبہ آیا ہے۔

س:۱۹۴ لِمَنْ قرآنِ مجید میں کتنے معنوں میں آیا ہے؟

ج: تین معنوں میں۔کس کے لئے۔جس کے لئے یا اس کے لئے

س:۱۹۵ مِمَّ کے کیا معنی ہیں؟

ج: مِمَّ اصل میں مِنْ مَا ہے جس کے معنی ''کس سے'' ہے۔

س:۱۹۶ مِمَّ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: فلینظرالانسان مِمَّ خلق

س:۱۹۷ ماذا کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا؟

س:۱۹۸ ماذا کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ یسئلونك ماذا ینفقون ۲۔ قل انظروا ماذا افی السمٰوٰت والارض

۳۔ فانظر ماذا یرجعون

س:۱۹۹ ماذا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 18 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۰۰ فماذا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 3 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۰۱ وماذا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: ایک مرتبہ۔ وماذا علیهم لو اٰمنوا

سبق نمبر۔14

س:۲۰۲ اَفَلَا کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا نہیں

س:۲۰۳ اَفَلَا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:45 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۰۴ اَوَلَا کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَوَلَا یعلمون ان الله یعلم ۲۔ اَوَلَا یرون انهم یفتنون فی کل عام

۳۔ اَوَلَا یذکر الانسان اَنَّا خلقنٰه من قبل

س:۲۰۵ اَوَلَا قرآنِ مجید میں کتنی جگہ آیا ہے؟ ج: تین جگہ آیا ہے۔

س:۲۰۶ افلم کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ افلم یسیروا فی الارض ۲۔ افلم یائیس الذین اٰمنوا

۳۔ افلم یهد لهم کم اهلکنا

س:۲۰۷ اَوَلَمْ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ قال اَوَلَمْ تُؤمِن قال بلیٰ ۲۔ اَوَلَمْ یَهْدِ للذین یرثون الارض

۳۔ اَوَلَمْ یتفکروا ما بصاحبهم من جنة

س:۲۰۸ اَوَلَمْ قرآنِ مجید میں کتنی بار آیا ہے؟ ج:35 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۰۹ اَوَلَوْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا اگر

س:۲۱۰ اَوَلَوْ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَوَلَوْ کان اٰباء هم لا يعقلون شيئاً ۲۔ اَوَلَوْ کان اٰباء هم لا يعلمون شيئاً

۳۔ قال اَوَلَوْ كنا كرهين

س:۲۱۱ اَوَلَوْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: سات مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۱۲ اَوَلَمَّا کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا بات ہے کہ جب

س:۲۱۳ اَوَلَمَّا کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: اَوَلَمَّا اصابتكم مصيبة قد اصبتم مثليها

س:۲۱۴ اَوَلَمَّا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے: ج: ایک مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۱۵ اَوَمَنْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: ایسا شخص جو

س:۲۱۶ اَوَمَنْ کی دو قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَوَمَنْ كان ميتا ۲۔ اَوَمَنْ ينشؤ فی الحلية

س:۲۱۷ اَلَنْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا نہیں؟

س:۲۱۸ اَلَنْ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: اَلَنْ يكفيكم ان يمدكم

س:۲۱۹ بِمَنْ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ هوا علم بِمَنْ ضل عن سبيله ۲۔ هواعلم بِمَنْ اتقیٰ

۳۔ وربك اعلم بِمَنْ فی السمٰوٰت والارض

سبق نمبر۔15

س:۲۲۰ فَمَالِ کے کیا معنی ہیں؟ ج: پس کیا ہو گیا

س:۲۲۱ فَمَالِ کی دو قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ فَمَالِ هٰؤلاءِ القوم ۲۔ فَمَالِ الذين كفروا

س:۲۲۲ فَمَالِ (استفہام) قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: دو مرتبہ آیا ہے۔

س: اَفَمَنْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: بھلا وہ شخص جو

س:۲۲۳ **اَفَمَنْ** کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَفَمَنْ اتبع رضوان الله ۲۔ اَفَمَنْ اسس بنیانه علی تقویٰ

۳۔ اَفَمَنْ یهدی الی الحق

س:۲۲۴ **اَفَمَنْ** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:16 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۲۵ **اَلَیْسَ** کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا نہیں؟

س:۲۲۶ **اَلَیْسَ** کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَلَیْسَ الله باحکم الحاکمین ۲۔ اَلَیْسَ هذا بالحق

۳۔ اَلَیْسَ الله باعلم بالشکرین

س:۲۲۷ **اَلَیْسَ** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:13 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۲۸ **اَلَمْ** کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا نہیں

س:۲۲۹ **اَلَمْ** کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ قال اَلَمْ اقل لکم ۲۔ اَلَمْ تعلم ان الله

۳۔ اَلَمْ ترکیف فعل ربك

س:۲۳۰ **اَلَمْ** قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:77 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۳۱ **لَوْلَا** کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیوں نہیں؟

س:۲۳۲ **لَوْلَا** کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ لَوْلَا یکلمنا الله ۲۔ لَوْلَا ینهٰهم الربٰنیون

۳۔ وقالوا لَوْلَا نزل علیه آیات

س:۲۳۳ **اَفَهُمُ** کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا پس وہ سب؟

س:۲۳۴ **اَفَهُمُ** کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: اَفَهُمُ الغلبون

س:۲۳۵ **اَفَکُلَّما** کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا جب بھی

س:۲۳۶ **اَفَکُلَّما** کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: اَفَکُلَّما جاء کم رسول بمالا تھویٰ

س:۲۳۷ اَفَمَا کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا نہیں؟

س:۲۳۸ اَفَمَا کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: اَفَمَا نحن بمیتین

سبق نمبر۔16

س:۲۳۹ ءَ اِنَّ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا یقیناً

س:۲۴۰ ءَ اِنَّ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: ءَ اِنَّ لَنَا لا جراً ان کنا نحن الغلبین

س:۲۴۱ ءَ اِنَّا کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا بیشک ہم

س:۲۴۲ ءَ اِنَّا کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ءَ اِنَّا لمخرجون ۲۔ ءَ اِنَّا لتارکوا الھتنا

۳۔ ءَ اِنَّا لمبعوثون خلقا جدیدا

س:۲۴۳ ءَ اِنَّا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:10 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۴۴ ءَ اِنَّکَ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا بیشک تو

س:۲۴۵ ءَ اِنَّکَ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: ءَ اِنَّکَ لَاَنت یوسف

س:۲۴۶ ءَ اِذَا کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا جب؟

س:۲۴۷ ءَ اِذَا کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ءَ اِذَا کنا ترابا ء انا لفی خلق جدید ۲۔ ءَ اِذَا کنا عظاما و رفاقا ء انا لمبعوثون

۳۔ ءَ اِذَا ضللنا فی الارض

س:۲۴۸ ءَ اِذَا قرآنِ مجید میں کتنی بار آیا ہے؟ ج:11 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۴۹ اَلَھُمْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا ان کے لئے

س:۲۵۰ اَلَهُمْ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: اَلَهُمْ ارجل یمشون بها

س:۲۵۱ أَلَكُمْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا تمہارے لئے

س:۲۵۲ أَلَكُمْ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: أَلَكُمْ الذکرو له الانثیٰ

سبق نمبر۔17

س:۲۵۳ اَمْ لَمْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا نہیں؟

س:۲۵۴ اَمْ لَمْ کی دو قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَمْ لَمْ تنذرهم لا یومنون ۲۔ اَمْ لَمْ ینبا بمافی

س:۲۵۵ اَمْ کتنے معنی دیتا ہے؟ ج: دو معنی دیتا ہے 'کیا' اور 'یا'

س:۲۵۶ اَمْ استفہام کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَمْ کنتم شهداء اذ حضر یعقوب الموت

۲۔ اَمْ تقولون علی اللّٰه ۳۔ اَمْ تریدون ان تَسئلُوا

س:۲۵۷ اَمْ عاطفہ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے؟

ج: ۱۔ أَأَنذرتهم امِ لم تنذرهم ۲۔ قل أَأَنتم اعلم أَمِ اللّٰه

۳۔ قل آلذکرین حرم أَمِ الأنثيَيْن

س:۲۵۸ اَفَمِنْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا سے؟

س:۲۵۹ اَفَمِنْ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: ۱۔ اَفَمِنْ هذا الحدیث تعجبون

س:۲۶۰ ءَ اَنْتَ کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا تم

س:۲۶۱ ءَ اَنْتَ کی دو قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ءَ اَنْتَ قلت للناس اتخذونی ۲۔ ءَ اَنْتَ فعلت هذا بالهتنا

س:۲۶۲ ءَ اَنْتُم کے کیا معنی ہیں؟ ج: کیا تم سب

س:۲۶۳ ءَ اَنْتُم کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ قل ءَ اَنْتُم اعلم ام الله ۲۔ ءَ اَنْتُم تخلقونه ام نحن الخلقون

۳۔ ءَ اَنْتُم تزرعونه ام نحن الزارعون

س:۲۶۴ ءَ اَنْتُم قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:6مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔18

س:۲۶۵ لَا کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ذالك الكتب لَا ريب فيه ۲۔ ان الله لَا يستحی ان يضرب

۳۔ غير المغضوب عليهم و لَا الضالين

س:۲۶۶ لائے نفی قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: لَا 691مرتبہ آیا ہےاور وَلَا واو کے ساتھ 516مرتبہ آیا ہے۔

مجموعی طور پر 207مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۶۷ لَيْسَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَلَيْسَ الله باحكم الحكمين ۲۔ وَ ان لَيْسَ للانسان الا ماسعی

۳۔ لَيْسَ البر ان تولوا وجوهكم

س:۲۶۸ لَيْسَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: 46مرتبہ آیا ہےاورواو کے ساتھ وَلَيْسَ 5مرتبہ آیا ہے۔مجموعی طور پر 51مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۶۹ لَيْسَتْ کی دوقرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ وقالت اليهود لَيْسَتِ النصارىٰ ۲۔ وقالت النصارىٰ لَيْسَتْ اليهود

س:۲۷۰ لَيْسَتْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: لَيْسَتْ دومرتبہ آیا ہےاورواو کے ساتھ وَلَيْسَتْ ایک مرتبہ آیا ہے۔

مجموعی طور پر 3مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۷۱ لَيْسُوْا کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: لَیۡسُوۡا سواءً من اھل الکتب امة قائمة

س:۲۷۲ لَیۡسُوۡا قرآنِ مجید میں کتنی بار آیا ہے؟ ج:صرف ایک مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۷۳ وَ کے کیا معنی ہیں؟ ج:اور

س:۲۷۴ وَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ایاك نعبد وَ ایاك نستعین ۲۔ وَ مما رزقنھم ینفقون

۳۔ وَ لھم عذاب عظیم

س:۲۷۵ ثُمَّ کے کیا معنی ہیں؟ ج: پھر

س:۲۷۶ ثُمَّ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ثُمَّ قَسَتۡ قلوبکم ۲۔ ثُمَّ یحییکم ثُمَّ یمیتکم

۳۔ ثُمَّ استویٰ الی السماء

س:۲۷۷ ثُمَّ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:337 مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔19

س:۲۷۸ فَ کے کیا معنی ہیں؟ ج: پس

س:۲۷۹ فَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ فا خرج به من الثمرات ۲۔ فَلا تجعلوا للّٰہ اندادا

۳۔ فان لم تفعلوا

س:۲۸۰ فثَمَّ کے کیا معنی ہیں؟ ج: اُدھر ہی

س:۲۸۱ فَثَمَّ کی ایک قرآنی مثال دیجئے

ج: فَثَمَّ وَجۡهُ الله

س:۲۸۲ اَوۡ کے کیا معنی ہیں؟ ج: یا

س:۲۸۳ اَوۡ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ اَوۡ کصیب من السماء ۲۔ اَوۡ اشد قسوة

۳۔ من کان ھوداً اَوْ نصاریٰ

س:۲۸۴ اَوْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: اَوْ (واو کے جزم کے ساتھ) 264 مرتبہ اور وَ اَوِ واو کے کسرہ کے ساتھ 16 مرتبہ آیا ہے۔
مجموعی طور پر 280 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۸۵ نَعَمْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: جی ہاں

س:۲۸۶ نَعَمْ کی تین قرآنی مثالیں دیجیے

ج: ۱۔ قالوا نَعَمْ فاذن موذن بینھم ۲۔ قال نَعَمْ وانکم لمن المقربین

۳۔ قال نَعَمْ وانتم داخرون

س:۲۸۷ نَعَمْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: چار مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۸۸ بَلیٰ کے کیا معنی ہیں؟ ج: جی ہاں

س:۲۸۹ بَلیٰ کی تین قرآنی مثالیں دیجیے

ج: ۱۔ بَلیٰ من کسب سیئة ۲۔ قالوا بَلیٰ وربنا

۳۔ بَلیٰ وعداً علیه حقًا

س:۲۹۰ بَلیٰ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 22 مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۹۱ بَلْ کے کیا معنی ہیں؟ ج: بلکہ

س:۲۹۲ بَلْ کی تین قرآنی مثالیں دیجیے

ج: ۱۔ بَلْ لعنھم الله بکفرھم ۲۔ بَلْ رفعه الله الیه

۳۔ بَلْ له مافی السمٰوات والارض

س:۲۹۳ بَلْ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: 113 مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔20

س:۲۹۴ اِلَّا کے کیا معنی ہیں؟ ج: مگر

س:۲۹۵ اِلَّا کی تین قرآنی مثالیں دیجیے

ج: ۱۔ اِلَّا الذین اٰمنوا وٗ عملوا الصٰلحت ۲۔ اِلَّا من تاب واٰمَن

۳۔ اِلَّا من اغترف غرفة بیده

س:۲۹۶ اِلَّا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:662مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۹۷ غیر قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: غَیُرَ (رٗ پر زبر)39مرتبہ غَیُرُ (رٗ پر پیش)20اور غَیُرِ (رٗ پر زیر)10مرتبہ آیا ہے۔

مجموعی طور پر69مرتبہ آیا ہے۔

س:۲۹۸ غَیُرَ کتنے معنوں میں آتا ہے؟ ج:نہ اُن کا۔ایک اور۔نہ۔علاوہ

س:۲۹۹ غَیُرَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ قولاً غَیُرَ الذی قیل لهم ۲۔ فمن اضطر غَیُرَ باغ ولا عاد

۳۔ متاعا الی الحول غَیُرَ اخراج

س:۳۰۰ غَیُرِ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ غَیُرِ المغضوب علیهم ولا الضالین

۲۔ ولو کان من عند غَیُرِ الله ۳۔ بقرآنٍ غَیُرِ هذا او بدّله

س:۳۰۱ غَیُرُ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ من المومنین غَیُرُ اولی الضرر ۲۔ من اله غَیُرُ الله یأتیکم بضیاء

۳۔ واعلموا انکم غَیُرُ معجزی الله

س:۳۰۲ غَیُرُه کے کیا معنی ہیں؟ ج:اس کے علاوہ

س:۳۰۳ غَیُرُه قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: غَیُرُه (را کے پیش کے ساتھ)9مرتبہ غَیُرَه (را کے زبر کے ساتھ)2مرتبہ اور غَیُرِه (را کے زیر کے ساتھ صرف ایک مرتبہ آیا ہے۔اس طرح کل غَیُره 12 مرتبہ آیا ہے۔

س:۳۰۴ غَیُرَهَا قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: صرف ایک بار۔بدلنهم جلوداً غَیُرَهَا

س:۳۰۵ غیرکم قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: غیرِ کم (راکوزیر) ایک مرتبہ اور غیرَ کم (راکوزبر) تین مرتبہ آیا ہے۔ کُل 4 مرتبہ

س:۳۰۶ غَیْرِی قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: دو مرتبہ آیا ہے۔

سبق نمبر۔ 21

س:۳۰۷ دُونَ کے کیا معنی ہیں؟ ج: علاوہ

س:۳۰۸ دُونَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ویغفر ما دُونَ ذالك ۲۔ ومنهم دُونَ ذالك

۳۔ ویعملون عملا دُونَ ذالك

س:۳۰۹ دُونَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟

ج: دُونَ (زبر) 8 مرتبہ دُونِ (زیر) 83 مرتبہ آیا ہے۔

س:۳۱۰ دُونِهٖ کے کیا معنی ہیں؟ ج: اسکے علاوہ

س:۳۱۱ دُونِهٖ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ من دُونِهٖ الاسماء ۲۔ لیس لهم من دُونِهٖ اولیاء

۳۔ والذین تدعون من دُونِهٖ

س:۳۱۲ دُونِکَ کے کیا معنی ہیں؟ ج: تیرے علاوہ

س:۳۱۳ دُونِکَ کی دو قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ کنا ندعوا من دُونِکَ ۲۔ من دُونِکَ اَولیاء

س:۳۱۴ دُونِکُم کی ایک قرآنی مثال دیجئے جس کے معنی تمہارے علاوہ ہے؟

ج: بطانة من دُونِکُم

س:۳۱۵ دُونِهِما کے کیا معنی ہیں؟ ج: ان دونوں کے علاوہ

س:۳۱۶ دُونِهِما کی دو قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ من دُونِهِما قوماً ۲۔ ومن دُونِهِما جنّتٰن

س:۳۱۷ دُونِهِم کے کیا معنی ہیں؟ ج: ان سب کے علاوہ

س:۳۱۸ دُونِهِم کی دوقرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ ووجدمن دُونِهِم ۲۔ واٰخرین من دُونِهِم

س:۳۱۹ دُوننا کی ایک مثال دیجئے ج:تمنَهم من دُوننا

س:۳۲۰ دُونها کی ایک مثال دیجئے ج:من دُونها ستراً

سبق نمبر۔22

س:۳۲۱ نِعْمَ کے کیا معنی ہیں؟ ج:بہت اچھا

س:۳۲۲ نِعْمَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ نِعْمَ المولیٰ و نعم النصیر ۲۔ نِعْمَ الثواب و حسنت مرتفقا

۳۔ نِعْمَ اَجْرُ العٰملین

س:۳۲۳ نِعْمَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:پانچ مرتبہ آیا ہے۔

س:۳۲۴ وَ نِعْمَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ وَ نِعْمَ اَجْرُ العٰملین ۲۔ وقالوا حسبنا اللّٰہ وَ نِعْمَ الوکیل

۳۔ نعم المولیٰ وَ نِعْمَ النصیر

س:۳۲۵ وَ نِعْمَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:چار مرتبہ آیا ہے۔

س:۳۲۶ فَنِعْمَ کے کیا معنی ہیں؟ ج:پس کیا ہی اچھا ہے

س:۳۲۷ فَنِعْمَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ فَنِعْمَ عقبی الدار ۲۔ فَنِعْمَ المولیٰ ونعم النصیر

۳۔ والارض فرشناها فَنِعْمَ المٰهدون

س:۳۲۸ فَنِعْمَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:چار مرتبہ آیا ہے۔

س:۳۲۹ بِئسَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ بِئسَ الرفدالمرفود ۲۔ بِئسَ الشراب ۳۔ بِئسَ للظٰلمین بدلا

س:۳۳۰ بِئسَ کے کیا معنی ہیں: ج: بُرا

س:۳۳۱ بِئسَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج: پانچ مرتبہ آیا ہے۔

س:۳۳۲ وَبِئسَ کی تین قرآنی مثالیں دیجئے

ج: ۱۔ وَبِئسَ المصیر ۲۔ وَبِئسَ المهاد ۳۔ وَبِئسَ مثوی الظّٰلمین

س:۳۳۳ وَبِئسَ قرآنِ مجید میں کتنی مرتبہ آیا ہے؟ ج:15 مرتبہ آیا ہے۔

